AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD

HIGHER SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE

CLASS XII

ANNUAL EXAMINATIONS (THEORY) 2023

Islamic Studies Paper I

Time: 1 hour 30 minutes   Marks: 50

ہدایات

1۔ ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

2۔ جوابات کے ورق پر جوابات دیجیے جو علیحدہ مہیا کیا گیا ہے۔ اپنے جوابات، سوالات کے پرچے پر ہر گز نہ لکھیے۔

3۔ جوابات کے ورق پر 100 تک نمبر دیے گئے ہیں۔ آپ 1 سے 50 نمبر تک ہی جوابات دیجیے۔

4۔ ہر سوال کے چار انتخابات (options) D,C, B, A دیے گئے ہیں۔ ان میں سے **ایک** کو منتخب کیجیے۔ پھر جوابات کے صفحے میں متعلقہ دائرے کو پنسل سے بھر دیجیے جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔

امیدوار کے دستخط



5۔ اگر آپ اپنا جواب بدلنا چاہیں تو پہلے والے جواب کو مکمل طور پر ربڑ سے مٹا دیجیے پھر نئے دائرے کو بھریے۔

6۔ جوابات کے صفحے میں کچھ نہ لکھیے۔ کمپیوٹر صرف بھرے ہوئے دائروں کو ریکارڈ کرے گا۔

1۔ سورۃ البقرۃ کی آیت نمبر 87 کے مطابق، کس قوم نے انبیا علیہم السلام کی تعلیمات کو رد کیا اور ظالمانہ برتاؤ کیا؟

A۔ صابی
B۔ زرتُشت
C۔ بنی اسماعیل
D۔ بنی اسرائیل

2۔ وَلَقَدْ اٰتَیْنَا مُوْسَی الْکِتَابَ وَقَفَّیْنَا مِنْ بَعْدِہٖ بِالرُّسُلِ ۖ وَاٰتَیْنَا عِیْسَی ابْنَ مَرْیَمَ الْبَیِّنَاتِ وَاَیَّدْنَاہُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ۔
اَفَکُلَّمَا جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ بِمَا لَا تَھْوٰٓی اَنْفُسُکُمُ اسْتَکْبَرْتُمْ فَفَرِیْقًا کَذَّبْتُمْ وَفَرِیْقًا تَقْتُلُوْنَ۔ (البقرۃ: 87)

دی گئی آیت میں حضرت عیسیٰؑ کے حوالے سے بیان کیا گیا لفظ 'اَلْبَیِّنَاتِ' درج ذیل کس کی وضاحت کرتا ہے؟

A۔ وہبیت
B۔ عِصمت
C۔ شریعت
D۔ معجزات

3۔ سورۃ البقرۃ کی آیت نمبر 91 کے مطابق، اللہ تعالیٰ اہلِ کتاب کی کس غلطی کو واضح کر رہا ہے؟

A۔ انبیا کو شہید کرنا
B۔ انبیا کی تعلیمات کو چھپانا
C۔ انبیا کے ساتھیوں کو شہید کرنا
D۔ انبیا سے فضول خواہشات کا اظہار کرنا

4۔ قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ بِاِذْنِ اللّٰهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ۔

(البقرة: 97)

دی گئی آیت کے مطابق، حضرت جبرائیلؑ سے درج ذیل میں سے کون سا مذہب دشمنی رکھتا تھا؟

A۔ یہود

B۔ نصاریٰ

C۔ بدھ مت

D۔ ہندومت

5۔ اللہ تعالیٰ نے درج ذیل میں سے کس فرشتے کے دشمن کو اپنا دشمن قرار دیا ہے؟

A۔ حضرت مالکؑ

B۔ حضرت میکائیلؑ

C۔ حضرت اسرافیلؑ

D۔ حضرت عزرائیلؑ

6۔ ”اور وہ ان چیزوں کی پیروی کرنے لگے جو سلیمان کے عہد سلطنت میں شیاطین پڑھا کرتے تھے۔“

(البقرة: 102)

دی گئی آیت کے ترجمے کے مطابق، لوگ کس چیز کی پیروی کرنے لگے تھے؟

A۔ علمِ نجوم

B۔ جادو ٹونا

C۔ سیاسی علوم

D۔ فنِ شاعری

7۔ ہاروت اور ماروت کون تھے؟

A۔ انسان

B۔ جنات

C۔ فرشتے

D۔ شیاطین

8۔ ہاروت اور ماروت سے لوگ 'علم' کس لیے سیکھتے تھے؟

A۔ میاں بیوی کے درمیان جدائی ڈالنے کے لیے

B۔ لوگوں کو معاشی طور پر کم زور کرنے کے لیے

C۔ انسانی تمدن کی تنزلی کے لیے

D۔ جنگی حکمتِ عملی سیکھنے کے لیے

9۔ حضرت ابراہیم و اسماعیل علیہما السلام نے کعبہ کی تعمیرِ نو کے وقت درج ذیل میں سے کون سی دعا مانگی؟

A۔ وَاِذۡ جَعَلۡنَا الۡبَيۡتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَاَمۡنًا ؕ وَاتَّخِذُوۡا مِنۡ مَّقَامِ اِبۡرٰهٖمَ مُصَلًّى ؕ ۔ (البقرۃ: 125)

B۔ وَلَمَّا جَآءَهُمۡ كِتٰبٌ مِّنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمۡ وَكَانُوۡا مِنۡ قَبۡلُ يَسۡتَفۡتِحُوۡنَ عَلَى الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا۔

(البقرۃ: 89)

C۔ وَاِذۡ يَرۡفَعُ اِبۡرٰهٖمُ الۡقَوَاعِدَ مِنَ الۡبَيۡتِ وَاِسۡمٰعِيۡلُ ؕ رَبَّنَا تَقَبَّلۡ مِنَّا ؕ اِنَّكَ اَنۡتَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ۔

(البقرۃ: 127)

D۔ رَبَّنَا وَاجۡعَلۡنَا مُسۡلِمَيۡنِ لَكَ وَمِنۡ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسۡلِمَةً لَّكَ ۖ وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبۡ عَلَيۡنَا ۚ اِنَّكَ اَنۡتَ

التَّوَّابُ الرَّحِيۡمُ۔ (البقرۃ: 128)

10۔ سورۃ البقرۃ کی آیت نمبر 113 کے مطابق، یہود و نصاریٰ آپس میں کیوں جھگڑتے تھے؟

A۔ اپنے مذہب کی تشہیر کے لیے

B۔ دنیا کی دولت و عظمت کے لیے

C۔ بیت المقدس کی حکومت کے لیے

D۔ اپنے آپ کو صحیح ثابت کرنے کے لیے

11۔ کسی بھی معاشرے میں امن و سکون کی فضا قائم رکھنے کے لیے بنیادی طور پر درج ذیل میں سے کس کو اہمیت حاصل ہے؟

A۔ عزت و دولت

B۔ رسم و رواج

C۔ مال و دولت

D۔ صبر و تحمل

Annual AKU-EB Examination 2023 for Teaching and Learning only

12۔ وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ؕ قَالَ اِنِّىْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا۔۔۔ (البقرۃ: 124)

دی گئی آیت کے مطابق، اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیمؑ کو امامت دینے سے قبل کیا معاملہ کیا تھا؟

A۔ آزمائش کی

B۔ اولاد عطا کی

C۔ کلمات سکھائے

D۔ معجزات عطا کیے

13۔ سورۃ البقرۃ آیت نمبر 125 کے مطابق اللہ تعالیٰ نے 'مقامِ ابراہیم' سے متعلق کیا ہدایت دی ہے؟

A۔ جائے نماز بنایا جائے

B۔ پاک صاف رکھا جائے

C۔ جائے اعتکاف بنایا جائے

D۔ یہاں سے طواف شروع کیا جائے

14۔ سورۃ البقرۃ کی آیات کی روشنی میں بتایئے کہ کون سا معاملہ حضرت ابراہیمؑ سے متعلق **نہیں** تھا؟

A۔ بیٹے کو راہِ خدا میں قربان کرنا

B۔ بیوی اور بیٹے کو صحرا میں تنہا چھوڑنا

C۔ لوگوں کی طرف سے آگ میں ڈالا جانا

D۔ مکہ میں قریش کی طرف سے جسمانی تکالیف کا سامنا کرنا

15۔ رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيْهِمْ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۔ (البقرۃ: 128)

دی گئی آیت میں کس حقیقت کو واضح کیا جارہا ہے؟

A۔ تعمیرِ کعبہ

B۔ تبدیلیٔ قبلہ

C۔ مناسکِ حج

D۔ دعائے آمدِ رسول

16۔ یہودیوں کی نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی تعلیمات کو رَد کرنے کی بڑی وجہ یہ بھی تھی کہ آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کا تعلق

A۔ قریش سے تھا۔
B۔ فاطمین سے تھا۔
C۔ بنو عباس سے تھا۔
D۔ بنی اسرائیل سے تھا۔

17۔ ”اور اگر آپ ان کے سامنے تمام دلیلیں لے آئیں جنھیں کتاب دی گئی تو بھی وہ آپ کے قبلے کو نہیں مانیں گے اور نہ آپ ہی ان کے قبلہ کو ماننے والے ہیں اور نہ یہ آپس میں ایک دوسرے کے قبلے کو ماننے والے ہیں۔“ (البقرۃ: 145)

دی گئی آیت کے ترجمے میں خط کشیدہ الفاظ سے مراد کون سے دو مذاہب ہیں؟

A۔ یہود و اسلام
B۔ یہود و نصاریٰ
C۔ نصاریٰ و صابی
D۔ اسلام و نصاریٰ

18۔ اَلَّذِیْنَ اٰتَیْنَاھُمُ الْکِتَابَ یَعْرِفُوْنَہٗ کَمَا یَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَھُمْ۔ (البقرۃ: 146)

دی گئی آیت کے مطابق، یہودی حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کو کس لحاظ سے جانتے تھے؟

A۔ بہ طورِ اپنی اولاد
B۔ بہ طورِ پڑوسی
C۔ بہ طورِ نبی
D۔ بہ طورِ علما

19۔ ’حج اسلام کا ایک اہم رکن اور عبادت ہے۔‘ بتائیے درج ذیل میں سے کون سا انتخاب حج کے اجتماعی فائدہ سے متعلق ہے؟

A۔ لوگوں میں تکبر ختم ہو جاتا ہے
B۔ لوگوں میں مال کی محبت کم ہوتی ہے
C۔ غریبوں کی تکلیفوں کا احساس ہوتا ہے
D۔ اُمتِ مسلمہ کے درمیان یک جہتی پیدا ہوتی ہے

20۔ مَنْ حَجَّ الْبَيْتَ اَوِعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا ؕ وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيْمٌ۔

(البقرۃ: 158)

دی گئی آیت میں موجود الفاظ 'تَطَوَّعَ خَيْرًا' کے کیا معنی ہیں؟

A۔ خوشی سے حج کرنا

B۔ خوشی سے نماز پڑھنا

C۔ خوشی سے بھلائی کرنا

D۔ خوشی سے قرآن پڑھنا

21۔ وہ حدیث جس کی روایت تابعی اور صحابی کے ذریعے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم تک پہنچے، اصطلاح میں اُسے کیا کہتے ہیں؟

A۔ مرفوع

B۔ موقوف

C۔ مقطوع

D۔ موضوع

22۔ علمِ حدیث کی تدوین کے لیے جو علم ایجاد ہوا اور جس کی بنا پر مستشرقین بھی مسلمانوں پر ناز کرتے ہیں، اس علم کو کیا کہا جاتا ہے؟

A۔ اصولِ فقہ

B۔ اصولِ منطق

C۔ اصولِ تفسیر

D۔ اسماء الرجال

23۔ محققین کے نزدیک، سنت کا ایک اور مترادف کیا ہے؟

A۔ حدیث

B۔ فقہ

C۔ کلام

D۔ نحو

24۔ حدیث کی جانچ کو جن عقلی بنیادوں پر سمجھا جاتا ہے، اسے کیا کہتے ہیں؟

A۔ روایت

B۔ درایت

C۔ فصاحت

D۔ ثقاہت

25۔ مشہور کتاب 'صحیح بخاری' کے مؤلف کون ہیں؟

A۔ امام محمد بن عیسی

B۔ امام محمد ابو عبد اللہ

C۔ امام ابو داؤد سلیمان بن اشعث

D۔ امام ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل

26۔ دوسری صدی ہجری میں حضرت امام مالکؒ نے احادیث کا جو مجموعہ ترتیب دیا، اُس کا کیا نام تھا؟

A۔ صحیح مسلم

B۔ موطا

C۔ ترمذی

D۔ نسائی

27۔ بہ لحاظِ الفاظ، جو حدیث صحیح بخاری اور صحیح مسلم دونوں میں ہو، اُسے کیا کہتے ہیں؟

A۔ شیخین

B۔ متفق علیہ

C۔ المنہاج

D۔ المستدرک

28۔ درج ذیل تمام اصطلاحاتِ حدیث ہیں، **ماسوائے**

A۔ ثقاہت۔

B۔ روایت۔

C۔ عدالت۔

D۔ مفارقت۔

29۔ آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جو مجھ پر جھوٹ باندھے گا، اُسے چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ آگ میں تیار کرلے۔'' (صحیح بخاری)

حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کا مذکورہ بالا فرمان درج ذیل میں سے کس غلطی کو روکنے کے لیے تھا؟

A۔ حدیث کے غلط بیان کو روکنے کے لیے
B۔ صحابی کو حدیث کی روایت نقل کرنے سے روکنے کے لیے
C۔ حدیث کے الفاظ جلدی جلدی بیان کرنے سے روکنے کے لیے
D۔ صحابی کو بہ غیر سند کے روایت بیان کرنے سے روکنے کے لیے

30۔ وہ سلسلہ جو حدیث کے راویوں کو باہم ملاتا ہے، اصطلاحِ حدیث میں اسے کیا کہتے ہیں؟

A۔ سند
B۔ متن
C۔ جرح
D۔ رجال

31۔ جس محدث کو تمام احادیث مرویہ مع متن وسند و تاریخ و جرح وتعدیل معلوم ہو، اصطلاح میں اسے کیا کہتے ہیں؟

A۔ حاکم
B۔ حافظ
C۔ حجت
D۔ راوی

32۔ نصاب میں موجود حدیث کے مطابق، درج ذیل میں سے کس عمل کا ثواب مرنے کے بعد بھی ملتا رہتا ہے؟

A۔ مسجد کی تعمیر
B۔ حج کی ادائیگی
C۔ صوم کی پابندی
D۔ صلوٰۃ کی ادائیگی

33۔ إِنَّ اَعْظَمَ الذُّنُوْبِ عِنْدَ اللهِ عَزَّوَجَلَّ أَنْ يَلْقَاهُ عَبْدٌ بِهَا بَعْدَ الْكَبَائِرِ الَّتِيْ نَهٰى عَنْهَا أَنْ يَمُوْتَ الرَّجُلُ وَعَلَيْهِ دَيْنٌ لَا يَدَعُ لَهٗ قَضَاءً۔ (حدیث: 15)

دی گئی حدیث میں کون سی اخلاقی تعلیم دی جارہی ہے ؟

A۔ مرنے سے پہلے تمام گناہوں کی معافی
B۔ مرنے سے پہلے تمام قرضوں کی ادائیگی
C۔ مرنے سے پہلے تمام رشتوں میں جائداد کی تقسیم
D۔ مرنے سے پہلے تمام رشتہ داروں سے حسن سلوک

34۔ لَا تَحَاسَدُوْا وَلَا تَنَاجَشُوْا وَلَا تَبَاغَضُوْا وَلَا تَدَابَرُوْا وَلَا يَبِعْ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَيْعِ بَعْضٍ۔ وَكُوْنُوْا عِبَادَ اللّٰهِ إِخْوَانًا۔ اَلْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ لَا يَظْلِمُهٗ وَلَا يَخْذُلُهٗ وَلَا يَكْذِبُهٗ وَلَا يَحْقِرُهٗ۔ (حدیث: 04)

دی گئی حدیث میں خط کشیدہ الفاظ سے کیا مراد ہے ؟

A۔ نہ بے ایمانی کی جائے اور نہ ہی کسی کے ساتھ ظلم کیا جائے
B۔ نہ جھوٹ بولا جائے اور نہ کسی کے ساتھ حسد کی جائے
C۔ نہ کسی کا حق مارا جائے اور نہ ہی کسی کی غیبت کی جائے
D۔ نہ جھوٹ بولا جائے اور نہ ہی کسی کو حقیر سمجھا جائے

35۔ مَنْ رَاٰى مِنْكُمْ مُنْكَرًا فَلْيُغَيِّرْهُ بِيَدِهٖ۔۔۔ (حدیث: 03)

دی گئی حدیث کے مذکورہ حصے کی مرکزی تعلیم کیا ہے؟

A۔ برائی کو ہاتھ سے روکا جائے
B۔ بُرائی کو زبان سے روکا جائے
C۔ برائی کو دل میں برا جانا جائے
D۔ برائی کرنے والوں سے نفرت کی جائے

نوٹ: دی گئی حدیث کی روشنی میں سوال نمبر 36 اور 37 کے جوابات دیجیے۔

كُنْ فِي الدُّنْيَا كَأَنَّكَ غَرِيْبٌ اَوْ عَابِرِ سَبِيْلٍ۔۔۔ (حدیث: 07)

36۔ حدیث میں موجود الفاظ 'عَابِرُ سَبِيْل' کے کیا معنی ہیں؟

A۔ مسافر
B۔ تاجر
C۔ گداگر
D۔ دانش ور

37۔ دی گئی حدیث کی مرکزی تعلیم کیا ہے؟

A۔ دنیا پرستی سے بچنا
B۔ لوگوں کو حسنِ معاشرت سکھانا
C۔ حصولِ علم کے لیے طویل سفر کرنا
D۔ لوگوں کو غربت ختم کرنے کے طریقے بتانا

38۔ نصاب میں شامل حدیث کی رو سے درج ذیل میں سے کون سا انتخاب 'ولی اللہ' کی خصلت میں **نہیں** ہونا چاہیے؟

A۔ فرائض کی بہ جا آوری کرنا
B۔ اللہ تعالیٰ سے محبت کے زبانی دعوے کرنا
C۔ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں سے دوسروں کو فائدہ پہنچانا
D۔ اللہ تعالیٰ اور رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ الہ واصحابہ وسلم پر پختہ ایمان رکھنا

39۔ إِنَّ الدِّينَ يُسْرٌ، وَلَنْ يُشَادَّ الدِّينَ أَحَدٌ إِلاَّ غَلَبَهُ، فَسَدِّدُوا وَقَارِبُوا وَأَبْشِرُوا، وَاسْتَعِينُوا بِالْغَدْوَةِ وَالرَّوْحَةِ وَشَيْءٍ مِنَ الدُّلْجَةِ۔ (حدیث: 14)

دی گئی حدیث میں موجود لفظ 'اَلدُّلْجَةِ' کے کیا معنی ہیں؟

A۔ صبح کا ابتدائی پہر
B۔ رات کا آخری پہر
C۔ شام کا ابتدائی وقت
D۔ دوپہر کا انتہائی وقت

براہِ کرم صفحہ پلٹیے

40۔ ذیل میں سے کون سی حدیث اس بات کی طرف اشارہ کر رہی ہے کہ دین سیکھنے کے ساتھ ساتھ معاشرے میں لوگوں کو صحیح اور غلط کا علم دیں تاکہ اس سے لوگوں کی اصلاح ہو سکے ؟

A۔ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ وَاحِدَةً، صَلَّی اللہ عَلَیْہِ عَشْرَ۔

B۔ فَقِیْہٌ وَاحِدٌ اَشَدُّ عَلَی الشَّیْطَانِ مِنْ اَلْفِ عَابِدٍ۔

C۔ لَا یُؤْمِنُ أَحَدُکُمْ حَتّٰی یَکُونَ ھَوَاہُ تَبَعًا لِمَا جِئْتُ بِہِ۔

D۔ اِنَّ اللہَ تَجَاوَزَ لِیْ عَنْ اُمَّتِی الْخَطَاَ وَالنِّسْیَانَ وَمَا اسْتُکْرِھُوْا عَلَیْہِ۔

41۔ آپ ‘الشیخ الرئیس’ کے نام سے مشہور تھے۔ آپ نے سب سے پہلے دماغ کی جھلی میں ہونے والی سوزش کا صحیح ترین نظریہ پیش کیا، نیز گردے اور مثانے کی پتھری کی علامتیں بتائیں۔ دنیا کے تمام طبی کالجز اور یونیورسٹیوں میں سترھویں صدی تک اُن کی کتابوں کی تعلیم ضروری تھی۔

دی گئی معلومات درج ذیل کس شخصیت سے متعلق ہے ؟

A۔ ابن سینا

B۔ الخوارزمی

C۔ ابن الہیثم

D۔ جابر بن حیان

42۔ اسلامی تاریخ میں ‘فنونِ لطیفہ’ کو سب سے زیادہ فروغ کس دورِ خلافت میں حاصل ہوا؟

A۔ بنو امیہ

B۔ بنو عباس

C۔ فاطمین

D۔ عثمانی ترک

43۔ ” جو غصے کو پی جاتے ہیں اور دوسروں کے قصور معاف کر دیتے ہیں ایسے نیکی کرنے والے لوگوں کو اللہ پسند کرتا ہے۔ “
(آلِ عمران: 134)

دی گئی آیت (ترجمے) میں درج ذیل میں سے اسلام کی کس خوبی کی طرف اشارہ کیا گیا ہے؟

A۔ عدل
B۔ احسان
C۔ امانت
D۔ بہادری

44۔ اسلامی ریاست اپنے شہریوں کو بنیادی طور پر **پہلا** حق کیا دے گی؟

A۔ جان کا تحفظ
B۔ سیاست کا حق
C۔ مذہبی آزادی
D۔ آزادیِ اظہارِ رائے

45۔ انسان کو اللہ تعالیٰ نے عقل و شعور دیا ہے۔ بتائیے کہ قرآن و حدیث کے مطابق، کسی بھی کام سے پہلے اہلِ عقل کو کیا کرنا چاہیے؟

A۔ تدبر و تفکر کرنا
B۔ عزیمت اور استقلال کا مظاہرہ کرنا
C۔ لوگوں کو دینِ اسلام کی حقیقت واضح کرنا
D۔ زکوٰۃ ادا کرنا اور لوگوں میں کھانا تقسیم کرنا

46۔ مسلم دنیا اس وقت مختلف مسائل میں گھری ہوئی ہے۔ ایسے میں تمام اسلامی ممالک کے سربراہانِ مملکت کو اپنے ملکوں میں نظم و نسق بہتر بنانے کے لیے بنیادی طور پر کون سے دو کام کرنے چاہییں؟

A۔ منصوبہ بندی کے ساتھ ساتھ فوج تیار کریں
B۔ منصوبہ بندی کے ساتھ ساتھ قوم کو متحد کریں
C۔ قوم کو متحد کرنے کے ساتھ تعلیم کے لیے اقدامات کریں
D۔ تعلیم کے لیے اقدامات کرنے کے ساتھ ساتھ معاشی حالات سدھاریں

براہِ کرم صفحہ پلٹیے

47۔ عبداللہ کو کاروبار میں مالی طور پر بہت زیادہ نقصان ہوا، جس کی وجہ سے وہ کافی پریشان ہے۔

دی گئی صورتِ حال کے پیشِ نظر اس مشکل میں عبداللہ کو قرآن و حدیث کے مطابق **پہلا** کیا کام کرنا چاہیے؟

A۔ لوگوں سے مدد مانگے

B۔ صبر کرے اور نماز کا اہتمام کرے

C۔ لوگوں سے اپنی غلطیوں کی معافی مانگے

D۔ علم و شعور کی طرف رغبت اختیار کرے

48۔ اسلام نے اولاد کے حقوق کی جو تقسیم کی ہے ان میں ایک ’حق حضانت‘ ہے، اس سے کیا مراد ہے؟

A۔ اولاد کی پرورش کرنا

B۔ اولاد کی تربیت کرنا

C۔ اولاد کو ورثے میں پورا حصہ ادا کرنا

D۔ اولاد کے ساتھ رحم دلی کا مظاہرہ کرنا

49۔ قرآن و حدیث کے مطابق، پڑوسیوں کی کتنی اقسام ہیں؟

A۔ دو

B۔ تین

C۔ چار

D۔ پانچ

50۔ قرآنِ مجید کے مطابق، جس ملک میں اسلامی مملکت قائم ہو جائے تو وہاں کا سربراہ بنیادی طور بالترتیب پہلے کون سے دو کام کرے گا؟

A۔ عدلِ اجتماعی اور صلوٰۃ کا قیام

B۔ صلوٰۃ اور زکوٰۃ کے نظام کا نفاذ

C۔ عدلِ اجتماعی اور روزگار کا قیام

D۔ امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا نفاذ

اختتام

Please use this page for rough work

Please use this page for rough work